**78۔ تھیسز کے لیے دو نئے الفاظ کونسے متعارف ہوئے؟**

جواب۔ رسالہ، اطروحہ۔

حافظ احمد سعید رانا

**79۔ رسالہ اور اطروحہ کی جمع کیا آتی ہے؟**

جواب۔ رسائل، اطروحات یا اطاریح۔

**80۔ پی-ایچ-ڈی کے مقالہ کے لیے مختص لفظ کیا ہے؟**

جواب۔ رسالۃ الدکتورۃ۔

**81۔ عرب محققین کی تھیسز کے مقابل دو نئی اصطلاحات کیا ہیں؟**

جواب۔ بحث علمی، بحث جامعی۔

**82۔ اس وقت مقالہ کے لیے عرب جامعات میں کونسی اصطلاح رائج ہے؟**

جواب۔ بحث علمی۔

**83۔ مشروع البحث سے کیا مراد ہے؟**

جواب۔ تحقیقی منصوبہ (Research Project)۔

**84۔ منہج سے کیا مراد ہے؟**

جواب۔ منہج صاف اور سیدھے راستے کو کہتے ہیں۔

**85۔ منہج کی اصطلاح میں کیا مراد ہے؟**

جواب۔ ایسے واضح راستے جنھیں کسی موضوع پر تحقیق کرنے والے اپنی تحقیق کے دوران جادئہ منزل بناتے ہیں۔

**86۔ بحث کا لغوی معنیٰ کیا ہے؟**

جواب۔ طلب و تفتیش اور کسی حقیقت یا کسی معاملہ کی کھوج کے لیے جستجو کرنا۔

**87۔ بحث علمی کی تعریف کیا ہے؟**

جواب۔ کسی معین میدان میں ایسی منظّم سعی و کوشش جس کا مقصد حقائق اور اصولوں کی دریافت ہو۔

**88۔ محقق آرتھر کول نے یونیورسٹی مقالہ کی جدید اور جامع تعریف کی ہے؟**

جواب۔ تقریر واف بقدمہ باحث عن عمل تعھدہ واتمہ علیٰ ان یشمل التقریر کل مراحل الدراسۃ منذ کانت فکرۃ حتیٰ صارت نتائج مدونۃ مترتبۃ بالحجج الاسانید۔

حافظ احمد سعید رانا

**89۔ علمی خصوصیات کو کن خصوصیات کا حامل ہونا چاہیے؟**

جواب۔ اس میں منظم پیہم محنت درکار ہوتی ہے۔

کسی خاص پہلو کے متعلق تمام معلومات درج کی جاتی ہے یہ تحقیق علمی نتائج و ملاحظات و استنباط اور حاصلات بحث پر مشتمل ہوتی ہے۔

**90۔ علمی تحقیق کس چیز سے عبارت ہے؟**

جواب۔ علمی تحقیق کسی موضوع میں تخصص سے عبارت ہے۔

**91۔ تحقیق کا مقصد کیا ہوتا ہے؟**

جواب۔ حقیقت کو نمایاں کرنا، کسی بھی قسم کے ثقافتی، اخلاقی، معاشرتی یا سیاسی مسئلے کو حل کرنا یا کسی نئی دریافت تک رسائی حاصل کرنا یا کوئی آلہ ایجاد کرنا یا کسی غلط نظریہ کی تصحیح کرنا ہوتا ہے۔

**92۔ علمی تحقیق کے اغراض و مقاصد جمال الدین قاسمی کی زبانی تحریر کریں؟**

جواب۔ کسی معدوم شے کو ایجاد کرنا، متفرق کو یکجا کرنا، ناقص کو مکمل کرنا، مجمل کو تفصیل سے بیان کرنا، مطول کی کانٹ چھانٹ کرنا بے ترتیب کو مرتب کرنا، مبہم کی تعیین کرنا اور غلطی کو آشکار کرنا ہے۔

**93۔ تحقیق کا دروازہ کب تک کھلا رہتا ہے۔**

جواب۔ جب تک عقل فکر و عمل میں مصروف ہے۔

**94۔ محقق کا کام کیا ہے؟**

جواب۔ وہ اس مقام پر پہنچ کر بھی اپنا سفر تحقیق جاری رکھے، جہاں دوسرے پہنچ کر رک جائیں۔

**95۔ تحقیق کرنے سے پہلے محقق کے لیے کیا کام کرنا ضروری ہے؟**

جواب۔ اپنے سے پہلے ارباب تحقیق کے نتائج کا مطالعہ کرنا تاکہ تکرار نہ ہو اور وقت و محنت کا ضیاع نہ ہو۔

**96۔ تحقیق و جستجو کا کیا فائدہ ہوتا ہے؟**

جواب۔ سائنسی، صنعتی، زرعی، انتظامی اور تعلیمی ترقی کا واحد ذریعہ تحقیق جستجو ہے۔ یہ حسن عمل، نشوونما، پختگی، عمدگی، وسائل کے حصول، موازنہ و تقابل، تجربہ کاری، اسباب و علل کی دریافت کا بھی واحد وسیلہ و ذریعہ ہے۔

**97۔ علمی تحقیق محقق کو کیا سکھاتی ہے؟**

جواب۔ یہ محقق کو سوچنے کا ڈھنگ، عمدہ شعور اور تکمیل کی طرف بڑھنے کا طریقہ سکھاتی ہے۔

**98۔ علمی تحقیق کے کردار کو مختصراً بیان کریں؟**

جواب۔ علمی تحقیق نفس انسانی، ملک و ریاست اور علم و معرفت کی ترقی کا انتہائی فعال اور یکتا ذریعہ اور سبب ہے۔

**99۔ معلومات و مواد کے مصادر و مراجع کے اعتبار سے کتنی اقسام ہیں؟**

جواب۔ تین اقسام ہیں: لائبریری تحقیق، میدانی تحقیق، لائبریری اور میدانی تحقیق۔

**100۔ لائبریری تحقیق سے کیا مراد ہے؟**

جواب۔ اس سے مراد وہ تحقیق ہے ہے جس کا زیادہ انحصار کتابوں، مجلات اور انسائکلوپیڈیاز میں موجود معلومات و مواد ہوتا ہے۔

**101۔ لائبریری اور میدانی تحقیق سے کیا مراد ہے؟**

جواب۔ اس سے مراد وہ تحقیق ہے جس میں موضوع تحقیق کی مناسبت سے لائبریری مصادر اور میدانی مشاہدات دونوں شامل ہوتے ہیں، اس تحقیق میں لائبریری تحقیق میدانی تحقیق کی تمہید کا کام دیتی ہے۔

**102۔ نظریاتی تحقیق کا کیا مقصد ہے؟**

جواب۔ علم برائے علم۔

**103۔ نظریاتی تحقیق کا انحصار کس منہج پر ہوتا ہے؟**

جواب۔ اس کا انحصار وضعی، استقرائی، عقلی، منطقی، تحلیلی، تقابلی، استنباطی اور استخراجی منہج پر ہوتا ہے۔

**104۔ قانونِ ذاتیت کی تعریف کریں؟**

جواب۔ تمام اشیاء اپنی ایک ذات اور وجود رکھتی ہیں جس کا دوسری چیزوں کے ساتھ تغیّر و تبدّل اور حلول و اتحاد ہونا ناممکن ہوتا ہے۔

**105۔ قانونِ عدمِ تناقض سے کیا مراد ہے؟**

مرتب: حافظ احمد سعید رانا

جواب۔ اس سے مراد یہ ہے کہ کسی ایک وقت اور ایک ہی سمت سے کسی ایک چیز میں ایک شے اور اس کی ضد کا جمع ہونا ناممکن ہے۔

**106۔ قانونِ "الثالث مُرفوعٌ" سے کیا مراد ہے؟**

جواب۔ اس سے مراد یہ ہے کہ ایک چیز یا تو درست ہو گی یا غلط ان دو سے خالی نہیں ہو گی اور تیسری کوئی صورت نہیں ہو سکتی۔

**107۔ قانونِ تعلیل سے کیا مراد ہے؟**

جواب۔ اس سے مراد یہ ہے کہ حادثات و واقعات کے اسباب بیان کرنا اور ان کی علتوں اور مختلف صورتوں کی وضاحت کرنا۔

**108۔ اطلاقی تحقیق کا کیا مقصد ہے؟**

جواب۔ اس کا مقصد نئی چیزوں کو دریافت کرنا اور سائنسی ایجادات کو آشکار کرنا ہے۔

**109۔ اطلاقی تحقیق کے مناہج کتنی طرح کے ہوتے ہیں؟**

جواب۔ دو طرح کے ہوتے ہیں: مناہج خاصہ ، مناہج عامہ۔

**110۔ مناہج عامہ سے کیا مراد ہے؟**

جواب۔ ایسے مناہج جو مادی اور غیر مادی دونوں طرح کے حقائق کے حصول کا ذریعہ بن سکتے ہیں انہیں عقلی، منطقی، استنباطی یا استقرائی، وصفی اور تحلیلی مناہج بھی کہا جاتا ہے۔

**111۔ مناہج خاصہ کی کتنی صورتیں ہیں چند کے نام لکھیں؟**

جواب۔ اس کی بہت سی اقسام ہیں۔ تجرباتی تحقیق کے مناہج، پیمائشی منہج، احوال کا مطالعہ۔

**112۔ مدت کے اعتبار سے تحقیق کے کتنی اقسام ہیں؟**

جواب۔ 3 اقسام ہیں: مختصر مدت پر مشتمل تحقیق، طویل مدت پر مشتمل تحقیق، انتہائی طویل مدت پر مشتمل تحقیق۔

**113۔ ٹرم پیپر سے کیا مراد ہے؟**

حافظ احمد سعید رانا

جواب۔ٹرم پیپر سے مراد وہ تحقیق ہے جو کہ طالب علم کلاس کے دوران اساتذہ کی ہدایات کے مطابق کرتے ہیں۔

**114۔ٹرم پیپر کتنے صفحات پر مشتمل ہوتا ہے؟**

جواب۔ بعض اوقات 10 صفحات پر اور بعض اوقات 40 صفحات پر مشتمل ہوتا ہے۔

**115۔ایم-اے کے مقالے اور ٹرم پیپر میں کیا فرق ہے؟**

جواب۔یہ مقالہ درجے میں ٹرم پیپر سے اعلیٰ ہوتا ہے۔البتہ تحقیقی منہج وہی ہوتا ہے۔

**116۔ایم-فل کا مقالہ کیا ہوتا ہے؟**

جواب۔اس وقت پاکستانی یونیورسٹی میں ایم-اے اور پی-ایچ-ڈی کے درمیان تحقیق کے ایک نئے مرحلے کا اضافہ کیا گیا ہے اس دوران لکھا جانے والا مقالہ ایم-فل مقالہ کہلاتا ہے۔

**117۔ایم-فل کے دونوں سالوں میں کتنے کریڈٹ آور کا کورس پڑھایا جاتا ہے؟**

جواب۔پہلے سال طالب علم کو باقاعدہ 24 کریڈٹ آور کا ایک کورس پڑھنا ہوتا ہے اس کورس کی کامیاب تکمیل کے بعد ایک سال کے دوران کسی موضوع پر تحقیقی مقالہ تیار کرنا ہوتا ہے جو 6 کریڈٹ آور کے برابر ہوتا ہے۔

**118۔پی-ایچ-ڈی کے مقالے کی مقالہ جات میں کیا اہمیت ہے؟**

جواب۔پی-ایچ-ڈی کے لیے کی جانے والی تحقیق علمی تحقیقات کا سب سے بلند مقام ہے۔

**119۔پی-ایچ-ڈی مقالہ نگار کو کس چیز کی آزادی ہے؟**

جواب۔اسے مستقبل میں تحقیقی آزادی حاصل ہے وہ کسی نگران اور مرشد کے بغیر بھی تحقیق کا کام کر سکتا ہے۔

**120۔موضوع کے اعتبار سے تحقیق کی کون کونسی اقسام ہیں؟**

جواب۔موضوع کے لحاظ سے تحقیقات کی اقسام دراصل علم و معرفت کی انواع کے لحاظ سے مختلف ہو جاتی ہیں اس طرح کئی اقسام ہونے کی وجہ سے ہزاروں موضوعات ایسے ہیں جنہیں تحقیق کا میدان بنایا جاسکتا ہے۔

مرتب: حافظ احمد سعید رانا

**121۔ تقابلی تحقیق کیا ہے؟**

جواب۔ وہ تحقیق جو دو شخصیات یا دو ریاستوں، دو زمانوں، دو کتابوں، دو طرح کے اسالیب یا ایک نوع کے دو امور کے درمیان موازنہ کرنے کے بارے میں کی جائے۔

**122۔ تقابلی موازنہ کی کتنی جہتیں ہوتی ہیں؟**

جواب۔ دو جہتیں ہوتی ہیں۔ مشابہت ، اختلاف۔

**123۔ کیا مصنف کسی ایک جہت کو موضوع تحقیق بنا سکتا ہے؟**

جواب۔ جی ہاں! محقق صرف مشابہت یا صرف اختلاف کے پہلو کو بھی موضوع تحقیق بنا سکتا ہے۔

**124۔ علمی تحقیق کے بنیادی عناصر کتنے ہیں؟**

جواب۔ علمی تحقیق کے بنیادی عناصر دس ہیں۔

**125۔ علمی تحقیق کے بنیادی عناصر میں سے چار کے نام تحریر کریں؟**

| | |
|---|---|
| جواب۔ جدت و تخلیق | حیاتیت و واقعیت |
| مصادر تحقیق کی دستیابی | وسیع مطالعہ۔ |

**126۔ Originality سے کیا مراد ہے؟**

جواب۔ اس سے مراد تحقیق کی اصلیت ہے۔

**127۔ مصادر تحقیق کی دستیابی سے کیا مراد ہے، مختصر سی وضاحت کریں؟**

جواب۔ تحقیق کے لیے مصادر و مراجع کا دستیاب ہونا انتہائی ضروری امر ہے، ورنہ محقق اپنی تحقیق کو کماحقہٗ مکمل نہیں کر پائے گا۔

لہٰذا محقق کے لیے ضروری ہے کہ ان موضوعات کا انتخاب نہ کرے جن کے بارے مصادر و مراجع کی قلت ہو یا مواد و معلومات کی کمی ہو۔

**128۔ وسیع مطالعہ محقق کے لیے کیوں ضروری ہے؟**

مرتب: حافظ احمد سعید رانا

جواب۔ محقق کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے موضوع سے متعلق ممکنہ حد تک تمام تحقیقات کا وسیع سے وسیع تر مطالعہ کرے موضوع سے متعلق کوئی چیز اس کی نظر سے پوشیدہ نہ ہو چونکہ محقق اپنے مطالعہ کی بنیاد ہر تحقیق کے نتائج و حاصلات مرتب کرتا ہے اس لیے وسیع مطالعہ ضروری ہے۔

**129۔ Concepts سے کیا مراد ہے؟**

جواب۔ تصورات۔

**130۔ امکانات تحقیق کو انگریزی مین کیا کہتے ہیں؟**

جواب۔ Possibility۔

**131۔ Reference کا لفظی معنیٰ کیا ہے**

جواب۔ حوالہ۔

**132۔ کتاب کی خشت اول کا کام کون دیتا ہے؟**

جواب۔ مقدمہ۔

**133۔ کتاب کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت کون رکھتا ہے؟**

جواب۔ مقدمہ۔

**134۔ Appendix کا اردو معنیٰ کیا ہے؟**

جواب۔ ملحقات و ضمیمہ جات۔

**135۔ مقالہ نگاری کے کتنے مراحل ہیں؟**

جواب۔ 6 مراحل ہیں۔

**136۔ مقالہ نگاری کا سب سے پہلا مرحلہ ہے؟**

جواب۔ انتخاب موضوع۔

**137۔ موضوع کے انتخاب کے لیے عام طور پر کتنے طریقے ہیں اور کون کونسے ہیں؟**

جواب۔ 2 طریقے ہیں: محقق کی طرف سے موضوع کا انتخاب ، نگران استاد کی طرف سے انتخاب موضوع۔

**138۔ Index کا لفظی معنیٰ کیا ہے؟**

حافظ احمد سعید رانا

جواب۔ اشاریہ جات / فہارس۔

**139۔ فہرستِ مصادر و مراجع کو انگریزی میں کیا کہا جاتا ہے؟**

جواب۔Bibliography۔

**140۔ محقق کے لیے کیا ضروری ہے کہ کون کونسی چیزوں سے اجتناب کرے؟**

جواب۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ تکبر، غرور اور خود پسندی سے اجتناب کرے کسی کی آراء و نظریات کو گھٹیانہ کہے کسی کی ذات پر کیچڑ نہ اچھالے۔

**141۔ عمومی دائرۃ المعارف سے کیا مراد کیا ہے؟**

جواب۔ ایسے انسائکلوپیڈیا جن میں مختلف علمی، معاشرتی اور ادبی موضوعات سے متعلق معلومات اکٹھی کی جائیں "عمومی دائرۃ المعارف " کہلاتے ہیں۔

**142۔ اخلاقی اصولوں کی پابندی سے کیا مراد ہے؟**

جواب۔ اس سے مراد یہ ہے کہ محقق اپنی تحقیق کے ذریعے انسانیت کی خدمت اور انسانیت کی اصلاح و فلاح و بہبود کو مد نظر رکھے۔

**143۔ اسلامی تاریخ میں مطالعے کی کیا اہمیت ہے؟**

جواب۔ اسلامی تاریخ کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ امت مسلمہ کے بہت سے جلیل القدر علماء نے اپنی زندگی کا بیشتر حصہ صرف تعلیم و تعلّم کے لیے وقف کر رکھا تھا۔

**144۔ مخصوص معاجم کسے کہتے ہیں؟**

جواب۔ ایسی لغات جن میں کسی مخصوص موضوع پر معلومات فراہم کی جائیں انہیں مخصوص معاجم کہا جاتا ہے۔

**145۔ لائبریری کی اہمیت بیان کریں؟**

جواب۔ لائبریری کسی بھی کالج و یونیورسٹی اور تعلیمی ادارے کا بنیادی جزء ہوتی ہے اسی لیے اسے یونیورسٹی کا پھیپھڑا کہا جاتا ہے جس کے ذریعے وہ سانس لیتی ہے۔

**146۔ مخصوص دائرۃ المعارف کی تعریف بیان کریں؟**



محمد حافظ احمد سعید رانا

جواب۔ ایسے دائرۃ المعارف جن میں مختلف شعبہ زندگی میں سے کسی ایک پر تفصیلی معلومات فراہم کی جاتی ہیں۔

**147۔ عمومی معاجم کی تعریف کی وضاحت کریں؟**

جواب۔ ایسی لغات و قوامیں جن میں کسی ایک موضوع پر اکتفاء نہ کیا جائے انہیں عمومی معاجم کہا جاتا ہے۔

**148۔ سوانح عمریاں کی وضاحت کریں؟**

جواب۔ سوانح عمریاں کسی بھی میدان میں کارہائے نمایاں سرانجام دینے والی مایہ ناز شخصیات کے متعلق معلومات فراہم کرتی ہیں یہ شخصیات مختلف علاقوں میں مختلف زمانوں میں زندگی گزارتی ہیں ان کے ذریعے حالات تک رسائی حاصل کی جاسکتی ہے۔

**149۔ لائبریری سے کتاب لینے کے اصول وضوابط کتنے اور کون کونسے ہیں؟**

جواب۔ اس کے آٹھ طریقے ہیں۔

| | |
|---|---|
| کتاب حاصل کرنے کی شرائط | کتاب حاصل کرنے کے اوقات |
| لائبریری سے حاصل کردہ کتابوں کی تعداد | کتاب واپس کرنے کی مدت |
| وہ کتابیں جو جاری نہیں کی جاتی | محتاط انداز میں دی جانے والی کتابیں |
| تاخیر کا جرمانہ | کتابیں ضائع ہونے کا ہرجانہ۔ |

**150۔ کتاب حاصل کرنے کی شرائط کیا ہیں؟**

جواب۔ کتب خانوں میں طالب علم کو کتاب جاری کرنے کے لیے لائبریری کارڈ کی شرط لگائی جاتی ہے بعض کتب خانے یونیورسٹی کارڈ قبول نہیں کرتے بلکہ لائبریری کارڈ پر اصرار کرتے ہیں۔

**151۔ کتاب واپس کرنے کی مدت بیان کریں؟**

جواب۔ کبھی ایک ہفتہ، کبھی دو ہفتے، کبھی ایک مہینہ اور کبھی ایک سال پر محیط ہوتا ہے۔

**152۔ لائبریریوں میں کتاب کی اصناف بندی کے کتنے طریقے رائج ہیں؟**

جواب۔ دو طریقے رائج ہیں۔

**153۔ اصناف بندی کے رائج دو طریقوں کو بیان کریں؟**

جواب۔ کانگریس لائبریری کی ترتیب

اعشاری کتاب دادی کی ترتیب۔

**154۔اس وقت پوری دنیا میں کس چیز کا نظام زیادہ رائج ہے؟**

جواب۔ اعشاری کتاب دادی کا نظام رائج ہے۔

**155۔جب آپ صرف کتاب کا نام جانتے ہیں تو کیسے اس کو تلاش کریں گے؟**

جواب۔ تو آپ فہرس العنوان کی طرف اور عنوان کا کارڈ تلاش کریں گے۔

**156۔اور اگر صرف مؤلف کا نام معلوم ہو تو کیسے تلاش کریں گے؟**

جواب۔ تو آپ فہرس المعارف کی طرف جائیں گے اور مؤلف کا کارڈ تلاش کریں گے۔

**157۔اور جب صرف موضوع معلوم ہو تو کتاب کیسے تلاش کریں گے؟**

جواب۔ تو آپ صرف فہرس الموضوع کی طرف جائیں گے اور موضوع کا کارڈ تلاش کریں گے۔

**158۔مؤلفین کے لیے جو خاص فہرست بنائی جاتی ہے اس کو کیا کہا جاتا ہے؟**

جواب۔ اس کو فہرس المؤلف کہا جاتا ہے۔

**159۔لائبریری سے کتاب حاصل کرنے کے کتنے طریقے ہیں؟**

جواب۔ دو طریقے ہیں۔

**160۔لائبریری سے کتاب حاصل کرنے کے دو طریقے کون کونسے ہیں؟**

جواب۔ استعارہ خارجیہ استعارہ داخلیہ۔

**161۔خارجی ٹائٹل سے کیا مراد ہے؟**

جواب۔ ٹائٹل پر ہمیشہ کتاب، مصنف کا نام لکھا جاتا ہے، عام طور پر ناشر کا نام اور سنِ طباعت درج ہوتا ہے۔

**162۔داخلی ٹائٹل سے کیا مراد ہے؟**

جواب۔ داخلی ٹائٹل پر کتاب، مصنف، ناشر کا نام، سنِ طباعت اور ایڈیشن نمبر درج ہوتا ہے۔

**163۔تقدیم کہاں لکھا جاتا ہے؟**

جواب۔ مؤلف کتاب کے شروع میں تقدیم لکھتا ہے جس میں وہ مقصدِ تالیف کو واضح کرتا ہے۔

**164۔ اچھے موضوع کی کتنی اور کون کونسی شرائط ہیں، چند کے نام لکھیں؟**

جواب۔ دس شرائط ہیں۔ جدت و تخلیق، لفظی تجدید، مصادر و مراجع کی دستیابی۔

**165۔ فرضیہ تحقیق کے لیے کتنا مطالعہ ضروری ہے اور اس کا انداز کیسا ہو؟**

جواب۔ فرضیہ تحقیق تمام لٹریچر کا طائرانہ جائزہ لینے کے بعد لکھنا چاہیے اور فرضیات لکھنے کا انداز بیانیہ ہونا چاہیے نہ کہ سوالیہ۔

**166۔ سابقہ تحقیقات کا جائزہ کس طرح لیا جاتا ہے؟**

جواب۔ مقدمہ میں اس موضوع کا مختصر تاریخی جائزہ لیا جاتا ہے کہ یہ مسئلہ (موضوع) کب شروع ہوا؟ اس کا ارتقاء کیسے ہو؟ کس کس پہلو سے اس پر تحقیق ہوئی؟ پھر وہ کونسا نقطہ ہے جہاں سے اس تحقیق کا آغاز کیا جا رہا ہے؟ کیونکہ اس نقطے پر پہلے کسی نے تحقیق نہیں کی۔

**167۔ اہمیت موضوع بیان کریں اور مقدمہ میں اس کا ذکر کیوں کیا جاتا ہے؟**

جواب۔ مقدمہ میں موضوع کی اہمیت کا تذکرہ کیا جاتا ہے اور تحقیق کی اہمیت کے حوالے سے پائے جانے والے تمام استفادات کا جواب دیا جاتا ہے۔

**168۔ منہج تحقیق سے کیا مراد ہے؟ اور اسے مقد میں کیوں ذکر کیا جاتا ہے؟**

جواب۔ خاکہ تحقیق کے مقدمے میں اپنے موضوع کی مناسبت سے منہج کی وضاحت بھی کی جاتی ہے مثلاً عام طور پر انسانی و نظریاتی علوم میں تحقیق کے لیے اختیار کیا جانے والا منہج عقلی، منطقی، استقرائی اور وضعی نوعیت کا ہوتا ہے۔

**169۔ تحقیق میں محنت و کاوش اور وسائل تحقیق بیان کریں؟**

جواب۔ خاکہ تحقیق کے مقدمے میں محقق یہ بھی وضاحت کر سکتا ہے کہ اسے اس موضوع پر تحقیق کرنے کے لیے کسی قسم کی ذہنی، فکری، جسمانی اور مادی محنت درکار ہو گی اور کون کونسے وسائل تحقیق استعمال کیے جائیں گے۔

**170۔ بنیادی مصادر و مراجع کا کردار بیان کریں؟**

جواب۔ مقدمہ میں طالب علم اپنے موضوع کے متعلق بنیادی مصادر و مراجع کا تعارف بھی درج کرے گا تا کہ اس موضوع کے اصلی مصادر کا اندازہ ہو سکے۔

**171۔ تحقیقی مقالے کے ابواب وفصول کی ترتیب بیان کریں؟**

جواب۔ جدید اسلوب تحقیق کے مطابق مقالے کو ابواب پھر فصول پھر مباحث پھر مطالب پھر فروع اور پھر انواع میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

**172۔ ایم-اے اور ایم-فل کے مقالے میں کتنے ابواب وفصول شامل ہو سکتے ہیں؟**

جواب۔ ایم-اے کے مقالے کے موضوع کو دو ابواب میں اور ایم-فل کے مقالے کے موضوع کو تین ابواب میں تقسیم کیا جاتا ہے اور کبھی موضوع کی مناسبت سے ایک اور باب کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔

**173۔ مجوزہ مصادر و مراجع کی فہرست بنانے کا طریقہ کار بیان کریں؟**

جواب۔ ایک نئے صفحے پر اس عنوان کے تحت موضوع سے متعلق تمام اہم مصادر و مراجع کی فہرست علمی و تحقیقی طریقہ سے تیار کر کے لگائی جاتی ہے۔

**174۔ مصادر و مراجع کے درمیان فرق بیان کریں؟**

جواب۔ مصادر و مراجع دو الگ الگ اصطلاحات ہیں ان میں سے ہر ایک کا اطلاق کتابوں کے ایسے مجموعے پر کیا جاتا ہے جن سے محقق اپنی تحقیق کے دوران استفادہ حاصل کرتا ہے۔

**175۔ مصادر اور مراجع کی تعریفات کریں؟**

جواب۔

مصادر: کسی علم میں لکھی گئی وہ بنیادی کتابیں کہ جن سے اس علم میں تحقیق کرنے والا بے نیاز نہ ہو سکے۔

مراجع: وہ کتابین جو مصادر کو بنیاد بنا کر اور ان میں موجود علوم و معارف کے کچھ پہلوؤں کو نئے انداز، حاشیہ ،شرح، تحلیل، تنقید کے ساتھ پیش کی جائیں۔

**176۔ کیا مراجع سے نقل کرنا درست ہے؟**

جواب۔ بلاشبہ مراجع محقق کو بہت فائدہ دیتے ہیں کیونکہ مراجع میں تمام معلومات کو جامعیت اور تفصیل کے ساتھ پیش کیا جاتا ہے لیکن مصادر کی دستیابی کے باوجود اگر محقق مراجع پر اپنی تحقیق کی بنیاد رکھے تو یہ غلط



مرتب: حافظ احمد سعید رانا

ہو گا لہذا زمانے کے گزرنے کے ساتھ کمی وزیادتی کی وجہ سے مراجع کی افادیت کے باوجود تمام معلومات کی تصدیق و توثیق کے لیے اصلی مصادر کی طرف رجوع کرنا اور وہیں سے نقل کرنا ضروری ہے۔

**177۔ اگر کسی خبر کے بارے میں مصادر کی تعداد متعدد ہو تو کس مصدر کو ترجیح دی جائے گی؟**

جواب۔ اگر تعداد زیادہ ہو تو سب سے پہلے قدیم ترین مصدر کو ترجیح دی جائے گی پھر حسب ضرورت زمانے کے اعتبار سے نئی معلومات کے لیے دیگر مصادر سے استفادہ کیا جائے۔

**178۔ اگر کسی مصدر کے بارے میں اختلاف ہو تو محقق کو کیا کرنا چاہیے؟**

جواب۔ تو محقق پر لازم ہے کہ وہ اس خبر کو اس وقت تک نقل کرنا موقوف کر دے جب تک کہ اس کی اچھی طرح تحقیق نہ کرلے اور باریک بینی سے اس کا جائزہ نہ لے لے۔

**179۔ جدید مصادر میں سے کوئی سے پانچ کی مثالیں دیں؟**

جواب۔ مصادر صرف مطبوعہ کتابیں ہی نہیں بلکہ وسائل اطلاعات کے متنوع ہونے کی وجہ سے مصادر مختلف شکلیں اختیار کر گئے ہیں جن میں سے پانچ یہ ہیں:

1 دوریات 2 اخبارات 3 رسائل 4 سرکاری رپورٹس 5 دستاویزات۔

**180۔ کیا ایک محقق کے لیے جدید مصادر کے بارے میں احتیاط کرنا لازم ہے؟**

جواب۔ جی ہاں! محقق پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ ان معلومات کی صحت، صداقت، سلامتی اور حقائق کے مطابق ہونے کے بارے میں خوب تحقیق کر لے اور کسی خبر کو یہ سمجھ کر نہ قبول کر لے کہ وہ پہلے ہی قطعی اور ثابت شدہ ہے۔

**181۔ کوئی ایسے پانچ سافٹ ویئر کے نام بتائیں جو عربی میں ہوں؟**

جواب۔ المصحف الرقمی مکتبۃ التفسیر وعلوم القرآن موسوعۃ الحدیث الشریف

جامع الاحادیث مکتبۃ السیرۃ النبویہ

**182۔ مکتبۃ التفسیر وعلوم القرآن کس کمپنی کا تیار کردہ سافٹ ویئر ہے نیز اس کا ورژن کتنے جلدوں پر مشتمل ہے؟**

جواب۔ اس سافٹ ویئر کو "التراث" کمپنی نے تیار کیا ہے اس کا تیسری ورژن (1250) کمپیوٹر جلدوں پر مشتمل ہے۔

**183۔ موسوعۃ الحدیث الشریف کس کمپنی کا تیار کردہ ہے؟**

جواب۔ یہ سافٹ ویئر مصر کی ایک کمپنی "شرکۃ صخر لبرامج الحاسب" نے تیار کیا ہے۔

**184۔ موسوعۃ الحدیث الشریف کی کوئی پانچ خصوصیات بیان کریں؟**

جواب۔ احادیث کی تخریج، مختلف طرق روایت کی وضاحت، کتب حدیث کے مؤلفین کا مکمل تعارف، تمام احادیث کی موضوعاتی ترتیب، شخصیات، راویوں اور آیات وغیرہ کی فہارس۔

**185۔ جامع الاحادیث کس کمپنی کا تیار کردہ ہے؟**

جواب۔ یہ سافٹ ویئر مشہور ایرانی سافٹ ویئر کمپنی "مرکز البحوث الکمبیوتریہ للعلوم الاسلامیہ" کا تیار کردہ ہے۔

**186۔ ورلڈ فائل میں تمام کتب کو تلاش کرنے کے لیے کس پر کلک کریں گے؟**

جواب۔ تمام کتب میں تلاش کے لیے "بحث فی کل الکتب" پر کلک کریں گے۔

**187۔ مجموعے کی ذیلی کتب کے نام یا ترتیب میں تبدیلی، حذف کی ایڈیٹنگ کا طریقہ بیان کریں؟**

جواب۔ مجموعے کی ذیلی کتب کے نام یا ترتیب میں تبدیلی یا نئی کتاب کی شمولیت کا طریقہ کار اساسی مجموعات کی طرح ہی ہے۔

**188۔ اختیار کردہ کتاب کو کسی اور مجموعے میں منتقل کرنے کا طریقہ بیان کریں؟**

جواب۔ اس مجموعے کو فہرست کی زیریں جانب مطلوبہ مجموعے کو سلیکٹ کرکے "نقل الکتاب الیٰ قسم اخر" پر کلک کریں۔

**189۔ تین کتابوں کو ورلڈ فائلز میں ایک جگہ جمع کرنے کا طریقہ بیان کریں؟**

جواب۔ تین، چار کتابوں کو کسی ایک کتاب میں جمع کرنے کے لیے (Ctrl+ Shift + Arrow Keys) کے ذریعے کتابوں کو سلیکٹ کرکے (دمع الکتب المجددۃ) پر کلک کریں۔

**190۔ ورلڈ فائل کی بائیں جانب ایک حصے المؤلف کا فائدہ بیان کریں؟**

جواب۔ المؤلف کو سلیکٹ کرنے سے یہ مؤلف صرف اس کتاب کے ساتھ خاص ہو جائے گا اس صورت میں آپ مؤلف اور کتاب کے بارے میں حسبِ ضرورت معلومات میں اضافہ یا تبدیل کر کے Save کر سکتے ہیں۔

**191۔ مؤلفین کی فہرست میں سے نئے مؤلف کا اضافہ کرنے کا طریقہ کار بیان کریں؟**

جواب۔ مؤلفین کی فہرست میں سے نئے مؤلف کا اضافہ اس کے تعارف میں تغیر و تبدل وغیرہ کے لیے نام کے خانے کے سامنے "الانتقال لجدول المؤلفین" پر کلک کریں۔

**192۔ ورلڈ فائل میں کتاب کے مکتبے کے اندر ہی Compress کرنے کے لیے کس بٹن (آپشن) کو استعمال کیا جاتا ہے؟**

جواب۔ کتاب کو مکتبے کے اندر ہی Compress کرنے کے لیے مضغوہ کے آئیکون پر کلک کریں اس صورت میں کتاب غیر مفہرس صورت میں ہو گی۔

**193۔ شاشتہ المؤلفین (Author's Screen) میں جانے کے لیے کس بٹن پر کلک کریں گے؟**

جواب۔ مینیو بار سے (شاشات خاصہ ۔۔۔۔۔۔ شاشتہ المؤلفین) پر کلک کریں گے۔

**194۔ ورلڈ فائل میں مؤلف کا نام تبدیل کرنے کا طریقہ بیان کریں؟**

جواب۔ اگر مؤلف کا نام بدلنا ہو تو اس کو سلیکٹ کر کے مؤلفین کی فہرست کے نیچے پہلے دیے گئے خانے میں مؤلف کا نام لکھیں پھر (تغیر اسم المؤلف المجدد) پر کلک کریں نام تبدیل ہو جائے گا۔

**195۔ کسی کتاب کو فہرست سے خارج کرنے کے لیے یا فہرست کو ختم کرنے کے لیے کیا لائحہ عمل اختیار کرنا پڑتا ہے؟**

جواب۔ کتاب کو فہرست سے خارج کرنے کے لیے "حذف الکتاب" اور پوری فہرست کو ختم کرنے کے لیے "تفریغ القائمہ" پر کلک کرنا ہو گا۔

**196۔ معلومات اور علمی مواد کے چند اہم مصادر تحریر کریں؟**

جواب۔ معلومات اور علمی مواد کے مصادر مختلف نوعیت کے ہوتے ہیں جن مین سے چند اہم یہ ہیں:

حافظ احمد سعید رانا

کتابیں، انسائکلوپیڈیاز، مجلات و رسائل، لیکچرز، دستاویزات، انٹرویو، سوال نامے، مشاہدہ، تجربہ اور آزمائش وغیرہ۔

**197۔ معلومات و بیانات جمع کرنے کے مصادر کی قسموں میں مختصر فرق بیان کریں؟**

جواب۔ مصادر کی پہلی قسم کو "تیار شدہ مواد کے مصادر" اور کی دوسری قسم "خود تیار کردہ مواد کے مصادر" کہا جاتا ہے۔

**198۔ تیار شدہ مواد کے مصادر کا کتنے اور کون کونسے طریقوں سے علمی مواد جمع کیا جاتا ہے؟**

جواب۔ تین طریقوں سے جمع کیا جاتا ہے۔

مطالعہ اقتباس مواد کی تدوین۔

**199۔ محقق اپنے مطالعہ کے لیے کونسے وقت اور کس جگہ کا انتخاب کرے؟**

جواب۔ ایسے وقت کا انتخاب کرے کہ جس میں اس کا دماغ، جسم، اور اعضاء وجوارح ترو تازہ ہوں اور ایسی جگہ ہو جہاں شور و غل نہ ہو۔

**200۔ اقتباس سے علمی مواد حاصل کرنے کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟**

جواب۔ تین اہم صورتیں ہیں۔

نصی اقتباس

تلخیصی اقتباس

مفہومی اقتباس۔

**201۔ نصی اقتباس کی تعریف کریں اور یہ کتنے صفحات پر مشتمل ہونا چاہیے؟**

جواب۔ کسی دوسرے کی تالیفات سے حرف بحرف کسی عبارت کو بغیر کسی قسم کی تبدیلی وتصرف کے نقل کرنا نصی اقتباس کہلاتا ہے اور یہ ایک صفحے سے زیادہ کا ہونا چاہیے۔

**202۔ تلخیصی اقتباس سے کیا مراد ہے؟**

جواب۔ اس سے مراد یہ ہے کہ بہت سے صفحات کا خلاصہ چند سطروں میں بیان کرنا اور آخر میں مرجع کا حوالہ ذکر کرنا ہے۔

مرتب: حافظ احمد سعید رانا

**203۔ مفہومی اقتباس سے کیا مراد ہے؟**

جواب۔ کسی عبارت کو سمجھنا قاری کے لیے مشکل ہو تو محقق اس کے مفہوم کو اپنے الفاظ اور اسلوب میں ڈھال دیتا ہے اس کو مفہومی اقتباس کہتے ہیں۔

**204۔ مفہومی اقتباس کو استعمال کرنے کے کیا مقاصد ہیں؟**

جواب۔ اس کے درج ذیل مقاصد ہیں۔

مقالے میں نقل شدہ عبارتوں کو کم سے کم رکھا جائے

جہاں ضرورت ہو وہاں تبصرہ، تعلیق و تنقید کرنا۔

**205۔ مصادر و مراجع کے بارے میں کیا معلومات لکھی جاتی ہیں؟**

جواب۔ مؤلف کا نام

کتاب کا پورا نام

ناشر، مقامِ اشاعت، تاریخِ اشاعت

جلدوں، اجزاء اور صفحات کی تعداد۔

**206۔ مواد کی جمع آوری کے کتنے اہم ذرائع ہیں؟**

جواب۔ مواد کی جمع آوری کے دس اہم ذرائع ہیں جن کی دو اقسام ہیں۔

تیار شدہ مصادر

خود تیار کردہ مصادر۔

**207۔ خود تیار کردہ مصادر کون کونسے ہیں؟**

جواب۔ درج ذیل ہیں۔

انٹرویو ، سوال نامہ ، مشاہدہ ، آزمائش ، تجربہ۔

**208۔ اگر کوئی محقق تحقیق کرلے تو اسے کتنے لوگوں کی آراء لینی ہو گی؟**

جواب۔ چند سو کی آراء کافی ہو گی نہ کہ لاکھوں لوگوں کی آراء لینی ہو گی۔

**209۔ طبقاتی نمونے سے کیا مراد ہے؟**

محمد حافظ احمد سعید رانا

جواب۔ وہ نمونہ جس معاشرے میں عمر، تعلیماور جنس کے اعتبار سے مختلف طبقات میں تقسیم کیا جاتا ہے پھر ہر طبقے سے Random Samples حاصل کئے جاتے ہیں اسی طرح طبقاتی نمونہ غیر ارادی نمونے سے بہتر ہو تا ہے اسے طبقاتی نمونہ کہتے ہیں۔

**210۔ دوہرا نمونے سے کیا مراد ہے؟**

جواب۔ اس طریقہ کار میں پہلے افراد کے ایک غیر اعا غیر ارادی نمونہ ارادی نمونے کا انتخاب کیا جاتا ہے پھر ڈاک کے ذریعے سوال نامہ بھیجا جاتا ہے، کچھ لوگ جواب نہیں دیتے اور نہ ہی سوال نامہ واپس کرتے ہیں ر نہ ہی سوال نامہ واپس کرتے ہیں ان لوگوں کی ایک مستقل نوع وجود میں یک مستقل نوع وجود میں آتی ہے جو کہ تحقیق کے نتیجے پر اثر انداز ہوتی ہے، پھر ان کو انٹرویو کیا جاتا ہے اسے دوہرا نمونہ کہتے ہیں۔

**211۔ مقالے کی تحریر کو جاندار اور قابل قدر بنانے کے لیے کن باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے؟**

جواب۔ حسنِ تالیف ، حقائق پر بحث و تمحیص کرنے اور معلومات کے پیش کرنے میں خالص علمی منہج کا التزام۔

**212۔ مقالے کے کتنے اور کون کونسے ارکان ہیں؟**

جواب۔ مقالے کے تین ارکان ہیں۔

اسلوب

منہج

مواد۔

**213۔ اسلوب سے کیا مراد ہے؟**

جواب۔ اسلوب سے مراد وہ تعبیری سانچہ ہے جو عناصر پر مشتمل ہو تا ہے یہ محقق کے اندر موجود گہرائی اور ادراک کی عکاسی کرتا ہے اس کے ذہن میں موجود مقالے کے معانی اور اس کے افکار کو واضح کرتا ہے۔

**214۔ منہج سے کیا مراد ہے؟**

جواب۔ یہ وہ طریقہ ہے جو کسی فکر کی تشکیل اور حکم لگانے کے لیے دوسروں کی تقلید کیے بغیر اختیار کیا گیا ہو اس کا ہدف اور غرض وغایت قاری کو قائل کرنا اور اس پر اثر انداز ہونا ہے۔

حافظ احمد سعید رانا

**215۔ مقدمات کی اہمیت بیان کریں؟**

جواب۔ مقالے کے کسی فصل یا موضوع کو شروع کرنے سے پہلے مقدمہ ضروری ہوتا ہے جس میں آنے والے موضوع کے بارے میں مختصر اور جامع تعارف ہوتا ہے اور یہ قاری کی توجہ کو اپنی طرف کھینچتا ہے۔

**216۔ علمی تجزیہ سے کیا مراد ہے؟**

جواب۔ موضوع کا منطقی شکل میں پوری طرح تحلیل و تجزیہ کیا جائے کہ جس سے اس کے تمام پوشیدہ اور پیچیدہ جہات کی وضاحت اور تشریح ہو جائے۔

**217۔ بہترین مقالہ کیا ہے؟**

جواب۔ جس میں تین ارکان: اسلوب، منہج اور علمی مواد عمدہ اور مستند ہو اور محقق نے اس کی پیش کش دلکش اسلوب میں علمی، منطقی اور ذوق سلیم کی عکاسی کرنے والے منہج کے ساتھ ہو۔

**218۔ تحریر میں حسن و خوبی اور فنی محاسن پیدا کرنے کے لیے کیا چیزیں ضروری ہیں؟**

جواب۔ مواد اور اسلوب پر وقفے وقفے سے نظر ثانی کیجیے

مختلف موضوعات پر خود قلم برداشتہ لکھنے کی عادت ڈالیے اور اپنی تحریر کو پڑھیے۔

بزرگ معلموں اور صاحبِ طرز ادیبوں کی تحریر سے استفادہ حاصل کریں۔

**219۔ حاشیہ کی تعریف کریں؟**

جواب۔ حاشیہ نگاری سے مراد وہ ثانوی افکار ہیں جنہیں محقق اپنی کتاب میں تحریر کرتا ہے۔

**220۔ مقالہ میں حاشیہ کے لیے کونسی جگہیں ہیں؟**

جواب۔ صفحے کے دامن میں

ہر باب یا فصل کے اختتام پر

مقالے کے اختتام پر۔

**221۔ مقالے میں حوالہ دینے کا طریقہ کیا ہے؟**

جواب۔ قارئین کو متن سے ہوامش میں حوالے کی طرف لے جانے کے لیے مختلف طریقے استعمال کیے جاتے ہیں۔

مثال کے طور پر: نمبرز، اسٹارز اور حروف ابجد وغیرہ۔

ان میں سب سے زیادہ مستند اور آسان طریقہ نمبروں کا استعمال ہے۔

**222۔ شروحات، حواشی اور ہوامش میں کیا فرق ہے؟**

جواب۔ شروحات: اس میں متن کے ہر لفظ کی وضاحت کی جاتی ہے اور ہر لفظ کے لغوی معنٰی اور اس سے مستنبط ہونے والے احکام و فوائد کا تذکرہ کیا جاتا ہے۔

حواشی: اس میں کتاب کی عبارت کے ہر ہر لفظ کی وضاحت نہیں کی جاتی بلکہ ان کے الفاظ کو زیر غور لایا جاتا ہے۔

ہوامش: موجودہ دور میں اس سے مراد وہ تعلیقات و شروحات ہیں جنہیں محقق صفحات کی نچلی جانب لکھتا ہے اور متن اور ان کے درمیان ایک لائن لگا کر فاصلہ کر دیتا ہے۔

**223۔ دوبارہ ذکر ہونے والے مرجع کا ذکر کیسے کریں گے؟**

جواب۔ اگر مرجع کا ذکر بغیر فاصلے کے دوسری بار آجائے تو پہلی مرتبہ کا ذکر بالتفصیل اور دوسری مرتبہ المرجع السابق۔۔۔ لکھا جائے گا۔

**224۔ مصادر اور مراجع کی فہرست مقالہ میں کیا مقام رکھتی ہے؟**

جواب۔ اساسی سند کا مقام رکھتی ہے جس پر پورے تحقیقی عمل کی توثیق و تصدیق موقوف ہوتی ہے۔

**225۔ مصادر و مراجع کی فہرست میں کن امور کا لحاظ رکھنا ضروری ہے؟**

جواب۔ اس فہرست میں ان تمام مصادر و مراجع کا ذکر آنا چاہیے جن سے مقالہ نگار نے تیاری کی ہے۔

وہ تمام مراجع جن سے محقق نے استفادہ تو کیا لیکن حواشی میں ان کا ذکر نہیں؛ انہیں ذکر کرنا۔

**226۔ ایک امانت دار محقق کس بات سے اجتناب کرے؟**

جواب۔ وہ تفصیل سے اجتناب کرے کہ وہ ایسے مصادر و مراجع کا ذکر نہ کرے جس سے اس نے استفادہ حاصل نہیں کیا۔

**227۔ مصادر و مراجع کی فہرست کو درج کرنے کے کتنے اور کون کونسے طریقے ہیں؟**

جواب۔ دو طریقے ہیں:

ہر باب یا فصل کے آخر میں۔

مقالے کے آخر میں۔

**228۔ مصادر و مراجع کی ترتیب کا بہترین طریقہ کیا ہے؟**

جواب۔ ان کو دو حصوں میں تقسیم کر دے:

عربی مصادر و مراجع

غیر عربی مصادر و مراجع۔

**229۔ مؤلف وفات پا چکا ہو تو حوالہ دیتے وقت کیا لکھا جائے گا؟**

جواب۔ اس کے نام کے ساتھ متوفی لکھا جائے گا۔

**230۔ حوالہ جات کی ترقیم کے لیے کون کونسے طریقے ہیں؟**

جواب۔ تین طریقے ہیں:

ہر صفحے کے حوالہ جات میں الگ ترقیم

فصل کے حوالہ جات کی مسلسل ترقیم

مقالہ کے تمام حوالہ جات کی مسلسل ترقیم۔

**231۔ جب حاشیے میں مرجع یا مصدر پہلی دفعہ ذکر کیا جائے تو کس حد تک معلومات دینا ضروری ہے؟**

جواب۔ مکمل معلومات دینا ضروری ہے:

مثال کے طور پر:

مؤلف، کتاب، جلد، ایڈیشن، مقامِ طباعت، شہر و ملک اور سال کا نام وغیرہ۔

**232۔ اگر کسی کتاب کے تین یا تین سے زیادہ مصنف ہوں تو حاشیہ کیسے درج کریں گے؟**

جواب۔ صرف پہلے مصنف کا نام ذکر کریں گے اور عربی مرجع کے لیے "اٰخرون" اور انگلش مرجع کے لیے "And Others" کا اضافہ کریں گے۔

**233۔ مخطوطہ کسے کہتے ہیں؟**

مرتب: حافظ احمد سعید رانا

جواب۔ ہر ایسی قدیم کتاب ہے جو مؤلف نے خود اپنے ہاتھ سے لکھی ہو یا اس کے شاگردوں میں سے کسی نے اپنے لکھی ہو یا ان کے بعد آنے والے کاتبوں نے اسے ہاتھ سے تحریر کیا ہو۔

**234۔ تدوین کیا ہے؟**

جواب۔ اردو زبان میں "تدوین" عربی میں "تحقیق" اور انگریزی زبان میں "Editing" ایک جدید اصطلاح ہے جس سے مراد مخطوطہ کو ایسی صحیح شکل میں متعارف کروانا جس شکل میں مؤلف نے اسے تحریر کیا تھا۔

**235۔ مقالے کی کمپوزنگ کے لیے محقق کو کیا کرنا چاہیے؟**

جواب۔ محقق اپنی تحقیق مکمل کرنے کے بعد اپنے نگران استاد اور یونیورسٹی کے متعلقہ شعبہ کو درخواست دے کر مقالے کی کمپوزنگ کی اجازت لیتا ہے۔

**236۔ مقالے کی کمپوزنگ کے لیے صفحے کا سائز کتنا ہونا چاہیے؟**

جواب۔ صفحے کا سائز (21x30) سینٹی میٹر ہونا چاہیے جسے عام طور پر A4 کہا جاتا ہے۔

**237۔ انگریزی مقالے میں کتنے انچ حاشیہ ہونا چاہیے؟**

جواب۔ بائیں طرف ڈیڑھ انچ اوپر، نیچے اور دائیں طرف ایک انچ حاشیہ چھوڑا جائے۔

**238۔ حروف کا سائز عربی متن کے لیے اور حواشی کے لیے کتنا ہونا چاہیے؟**

جواب۔ عربی متن کے لیے $18^{pt}$ اور حواشی کے لیے $16^{pt}$ ہونا چاہیے۔

**239۔ پی-ایچ-ڈی کے مقالے کے لیے صفحات کی تعداد کتنی ہونی چاہیے؟**

جواب۔ 300 تا 500 صفحات (متن کے 40 ہزار تا 120000 الفاظ ہونے چاہیے)۔

**240۔ ایم-اے کے مقالے کے لیے کتنے صفحات کا ہونا ضروری ہے؟**

جواب۔ 75 تا 150 صفحات ہونے چاہیئں۔

**241۔ مقالے کے لیے ایک صفحے پر سطروں کی تعداد کتنی ہونے چاہیے؟**

جواب۔ 25 تا 27 سطریں۔

**242۔ پروف ریڈنگ کی تصحیح سے کیا مراد ہے؟**

مرتب: حافظ احمد سعید رانا

جواب۔ کمپوز شدہ مقالے کو باریک بینی سے پڑھا جائے غلط کتابت کیے ہوئے لفظ پر دائرہ لگا کر درست الفاظ کو دائرے کے اندر لکھا جائے۔

**243۔ کلاس اسائنمنٹ اور سمسٹر پیپر کے لیے کتنے صفحات کا ہونا ضروری ہے؟**

جواب۔ 05 تا 15 صفحات۔

**244۔ ایک سطر میں الفاظ کی تعداد کتنی ہونی چاہیے؟**

جواب۔ 13 تا 15 سطریں۔

**245۔ عہد نبوی ﷺ میں کتابت کا رواج کیسے وجود میں آیا؟**

جواب۔ عہد نبوی ﷺ میں کتابت کا رواج زمانہ جاہلیت کی نسبت وسیع پیمانے پر پھیل گیا اس کی وجہ قرآن پاک نے بھی لکھنے پڑھنے اور تعلیم حاصل کرنے کا حکم دیا اور سرکار دو عالم ﷺ نے بھی اپنے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو بھی اس کی تلقین فرمائی۔

**246۔ ارتقاءِ کتابت کا عظیم دور کونسا ہے؟**

جواب۔ اس کا عظیم دور دوسری صدی ہجری کو کہا جاتا ہے جس میں تدوین اور کتابت پر بھرپور محنت کی گئی۔

**247۔ طبقہ وراقین سے کیا مراد ہے؟**

جواب۔ تیسری صدی ہجری میں طبقہ وراقین کا ظہور ہوا اس سے مراد وہ لوگ ہیں جنہوں نے کاغذ کی سند قلمی نسخوں کی تیاری، نسخوں کی تصحیح، جلد بندی، کتابت اور سٹیشنری جیسے امور کو اپنا روزگار اور ذریعہ معاش بنایا۔

**248۔ اسلامی مخطوطات کا ناقابل تلافی نقصان کس دور میں ہوا؟**

جواب۔ تاتاریوں اور ہلاکو خان کے دور میں ہوا۔

**249۔ اہل مغرب نے مسلمانوں کے علمی احسانات کا بدلہ کس طرح دیا؟**

جواب۔ انہوں نے اس کا بدلہ برائی کے ساتھ دیا ان کے علمی خزانوں اور کتب خانوں اور کتابوں کو نظر آتش کر دیا اور بہت سی نادر اور قیمتی کتابیں چوری کر کے لے گئے۔

**250۔ مخطوطات کے تلف کرنے میں کونسے عوامل اثر انداز ہوتے ہیں؟**

جواب۔ زلزلے، سیلاب، کیڑا لگنا، حشرات الارض، آگ کا لگنا اور عدمِ توجّہ قابلِ ذکر ہیں۔

**251۔ مقالے کا مقدمہ کتنے امور پر مشتمل ہوتا ہے؟**

جواب۔ مقالے کا مقدمہ 07 امور پر مشتمل ہے۔

**252۔ فہارسِ عامہ کسے کہتے ہیں؟**

جواب۔ فہارس فنیہ کو اردو زبان میں اشاریہ جات کا نام دیا جاتا ہے اور بعض نے اسے فہارس عامہ کہا ہے۔

**253۔ انتساب سے کیا مراد ہے؟**

جواب۔ مختصر اور انتہائی خوبصورت الفاظ میں اور دلکش عبارت میں لکھا جاتا ہے اس میں محقق اپنی تحقیق کو عام طور پر اپنی پسندیدہ شخصیت یا کسی ادارے یا مختلف افراد کے ساتھ منسوب کرتا ہے۔

**254۔ مقدمہ سے کیا مراد ہے؟**

جواب۔ مقدمہ کو مضامینِ تحقیق کی کنجی کہا جاتا ہے اور محققین کو اپنے مقدمے کا آغاز اللہ پاک کے مبارک نام، اللہ پاک کی حمد و ثناء اور رسول اکرم ﷺ پر درود پاک بھیج کر کرنا چاہیے۔

**255۔ فہرست موضوعات کے کتنے اور کون کونسے نام ہیں؟**

جواب۔ اس کے چار نام ہیں:

فہرست مخطوطات

فہرست مندرجات

فہرست مضامین

فہرست مشمولات۔

محمد: حافظ احمد سعید رانا